Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. سورة الانفال کو سورة الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورة الانفال ہے.

Q2. لفظ کے معنی تحریر کریں- لاتحمل علینا- مولنا- غفرانک

Ans 1: لاتحمل علینا- ہم نہ ڈال - مولنا- ہکار کار ساز - غفرانک- تیری بخشش

Q3. سورة ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورة آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q4. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.

Q5. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans 1: بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q6. سورة الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

Ans 1: سورہ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-

---

Q7. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت مریم علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ تھیں-

---

Q8. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت عمران، حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا.

Q9. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q10. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.